SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۲۰۰۳

SINDH ACT NO.I OF 2003

سندھ مشیروں کی (تقرری، اختیار، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۲۰۰۳

THE SINDH ADVISORS (APPOINTMENT, POWERS, FUNCTIONS, SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) ACT, 2003

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۲۔ تعریف
Definitions

۳۔ اثرانداز ہونا
Overriding effect

۴۔ تقرری اور عہدے کی مدت
Appointment and term of office

۵۔ تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات
Salaries, Allowances and Privileges

۶۔ دائرہ اختیار پر پابندی
Jurisdiction barred

۷۔ قواعد تشکیل دینے کا اختیار
Power to make rules

سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۲۰۰۳

SINDH ACT NO.I OF 2003

سندھ مشیروں کی (تقرری، اختیار، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۲۰۰۳

THE SINDH ADVISORS (APPOINTMENT, POWERS, FUNCTIONS, SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) ACT, 2003

[۱۸ مارچ ۲۰۰۳]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے وزیراعلیٰ سندھ کے مشیروں کی تقرری، اختیارات، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات طے کی جائیں گی۔

جیسا کہ وزیراعلیٰ سندھ کے مشیروں کی تقرری، اختیارات، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات طے کرنا مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ مشیروں کی (تقرری، اختیار، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۲۰۰۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور پہلی جنوری ۲۰۰۳ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک مندرجہ ذیل اظہارات کی معنی ترتیبوار اس طرح ہوگی:

(a) "مشیر" مطلب اس ایکٹ کے تحت مقرر کردہ وزیراعلیٰ کا مشیر؛

(b) "وزیراعلیٰ" مطلب سندھ کا وزیراعلیٰ؛

(c) "خاندان" مطلب صلاحکار پر نربھر گھروالی، بچے اور والدین جو اس کے ساتھ رہتے ہوں؛

(d) "گورنر" مطلب سندھ کاگورنر؛

(e) "حکومت" مطلب حکومت سندھ؛

(f) "بیان کردہ" مطلب اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد میں بیان کردہ۔

اثرانداز ہونا
Overriding effect

تقرری اور عہدے کی مدت
Appointment and term of

office

۳۔ اس اکیٹ کی گنجائشیں تب تک موثر ہوں گی جب تک وہ کسی دوسرے قانون یا کسی عدالت کے فیصلے، حکم یا ڈکری کے متضاد نہ ہوں۔

تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات
Salaries, Allowances and Privileges

۴۔ (۱) وزیراعلیٰ اپنی صوابدید پر وقتن فوقتن گورنر کو ایسے افراد کی ایسی تعداد مشیروں کے طور پر مقرر کرنے کا مشورہ دے سکتا ہے، جیسے وہ ضروری سمجھے، جو وزیراعلیٰ کی خوشی سے عہدہ رکھ سکیں گے۔
پہلی جنوری ۲۰۰۳ پر یا اس کے بعد مقرر کردہ مشیر اس ایکٹ کے تحت مقرر کردہ سمجھے جائیں گے۔

دائرہ اختیار پر پابندی
Jurisdiction barred

(۲)مشیر ایسے اختیارات استعمال کرے گا جو اس کو منتقل کیئے جائیں اور ایسے کام سرانجام دے گا جو اس کو وزیراعلیٰ سونپے گا۔
۵۔ مشیر کو ایسی تنخواہ، الاؤنسز اور دیگر مراعات دی جائیں گے جیسے حکومت وقتن فوقتن طے کرے۔

قواعد تشکیل دینے کا اختیار
Power to make rules

٦۔ جیسے اس ایکٹ میں بیان کیا گیا ہے، کہ اس ایکٹ کے تحت کیئے گئے کسی بھی حکم یا کی گئی کارروائی، یا حکومت کی طرف سے اس سلسلے میں بنائے گئے قواعدیا مشیر کے خلاف کسی عدالت میں سوال نہیں اٹھایا جائے گا اور کسی بھی عدالت کی طرف سے اس سلسلے میں سنائے گئے کسی فیصلے یا اس ایکٹ کے تحت دیئے گئے یا ملے ہوئے کسی اختیار کے سلسلے میں کی گئی کارروائی پر کوئی ہدایت جاری نہیں کی جائے گی۔
۷۔ حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا